10 مارچ 2017ء

مالی سال 17ء کے پہلے آٹھ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 12.3 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 17ء کے پہلے آٹھ مہینوں (جولائی تا فروری) میں 12363.3 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 12676.64 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

فروری 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1416.92 ملین ڈالر تھی جو کہ جنوری 2017ء کے مقابلے میں 4.7 فیصد کم، اور فروری 2016ء کے مقابلے میں 6.9 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک فروری 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 404.39 ملین ڈالر، 320.24 ملین ڈالر، 177.76 ملین ڈالر، 170.55 ملین ڈالر، 168.2 ملین ڈالر، اور 31.7 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ فروری 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 475.07 ملین ڈالر، 320.37 ملین ڈالر، 182.17 ملین ڈالر، 179.65 ملین ڈالر، 197.63 ملین ڈالر اور 35.37 ملین ڈالر تھیں۔ فروری 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 144.08 ملین ڈالر رہیں جبکہ فروری 2016ء میں ان ملکوں سے 131.66 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆